# LESSON BASED ASSESSMENT 2026-27

جماعت : 5 | **یونٹ ٹسٹ-4:** سارے جہاں سے اچھا، بھارت رتن | نشانات : 5+10=15

مضمون : اُردو | نام : | وقفہ :40منٹ

---

**:I** زبانی سوالات۔ (1 × 5 = 5 Marks)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | قومی جھنڈے کا سفید رنگ کس چیز کی تعلیم دیتا ہے؟ | | 2 | نظم کے مطابق ہمارا پاسبان (چوکیدار) کون ہے؟ | |
| 3 | یونان، مصر اور روما کے بارے میں نظم میں کیا کہا گیا ہے؟ | | 4 | ہم ہندی کیوں کہلاتے ہیں؟ | |
| 5 | قومی جھنڈے کا زعفرانی رنگ ہمارے اندر کون سا جذبہ پیدا کرتا ہے؟ | | | | |

**:II** مناسب الفاظ سے خانہ پری کرو۔ (اطالوی، اشوک، خوشحالی، بھارت رتن) (1 × 4 = 4 Marks)

6) قومی جھنڈے کے درمیان میں ____________ چکر ہے۔

7) قومی جھنڈے میں سبز رنگ ____________ کی علامت ہے۔

8) مدر ٹریسا بنیادی طور پر ایک ____________ شہری تھیں۔

9) ڈاکٹر رادھا کرشنن کو ہندوستان کا سب سے بڑا اعزاز ____________ دیا گیا۔

**-III** درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھیے۔ (1 ×6= 6 Marks)

10) ہمارے ملک کا نام کیا ہے؟

11) سارے جہاں سے اچھا کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

12) ہندوستان کا سب سے بڑا (اعلیٰ ترین) ایوارڈ کون سا ہے؟

13) بھارت رتن کے کیا معنی ہیں؟

14) سرحدی گاندھی کے نام سے کسے جانا جاتا ہے؟

15) قومی جھنڈے کے تین رنگ کون کون سے ہیں؟

# Key Answers

زبانی سوالات (زبانی امتحان)

1. قومی جھنڈے کا سفید رنگ کس چیز کی تعلیم دیتا ہے؟

جواب: سفید رنگ سچائی اور پاکیزگی کی تعلیم دیتا ہے۔

2. نظم کے مطابق ہمارا پاسبان (چوکیدار) کون ہے؟

جواب: ہمارا پاسبان ہمالیہ پہاڑ (سنتری) ہے۔

3. یونان، مصر اور روما کے بارے میں نظم میں کیا کہا گیا ہے؟

جواب: یونان، مصر اور روما جیسے قدیم ممالک دنیا کے نقشے سے مٹ گئے ہیں لیکن ہمارا وطن اب بھی قائم ہے۔

4. ہم ہندی کیوں کہلاتے ہیں؟

جواب: ہم ہندی کہلاتے ہیں کیونکہ ہمارا وطن ہندوستان ہے۔

5. قومی جھنڈے کا زعفرانی رنگ ہمارے اندر کون سا جذبہ پیدا کرتا ہے؟

جواب: زعفرانی رنگ ہمارے اندر ہمت اور قربانی کا جذبہ ابھارتا ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 6 | اشوک | 7 | خوشحالی | 8 | اطالوی | 9 | بھارت رتن |

10. ہمارے ملک کا نام کیا ہے؟

جواب: ہمارے ملک کا نام ہندوستان ہے۔

11. سارے جہاں سے اچھا کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

جواب: سارے جہاں سے اچھا ڈاکٹر محمد اقبال کی لکھی ہوئی نظم ہے۔

12. ہندوستان کا سب سے بڑا (اعلیٰ ترین) ایوارڈ کون سا ہے؟

جواب: ہندوستان کا اعلیٰ ترین ایوارڈ بھارت رتن ہے۔

13. جواب: بھارت رتن کے معنی 'ہندوستان کا ہیرا' کے ہیں۔

14. جواب: سرحدی گاندھی کے نام سے خان عبدالغفار خان کو جانا جاتا ہے۔

15. جواب: قومی جھنڈے کے تین رنگ زعفرانی، سفید اور سبز ہیں۔